Class 8th Term IST assignment

سبق ۔۔ کمپیوٹر کا ارتقائی سفر

سوالات:-

سوال نمبر 1:-کمپیوٹر کسے کہتے ہیں؟

جواب:-کمپیوٹر ایک ایسی مشین کو کہا جاتا ہے جو حساب لگانے کا کام کرتی ہے-یہ جوڑاور گھٹا تو کرتی ہی ہے اس کے علاوہ اور بہت سے کام بھی اس سے لیے جاتے ہیں-

سوال نمبر2:-کمپیوٹر سے کیا کیا کام لیے جارہے ہیں ؟

جواب:-کمپیوٹر سے جو جوکام لیے جا رہے ہیں آج سے چند برس پہلے ان کا تصور بھی ممکن نہ تھا ۔ آج تو بڑے بڑے ہوائی جہاز بھی کمپیوٹر سے اڑائے جاتے ہیں اور انسان چاند پر بھی کمپیوٹر کی مدد سے پہنچا ہے' ریڈیو' ٹیلی فون ' ٹیلی ویژن ' ریل گاڑیاں ' چھاپ کھانے ' اخبارات' کون سی چیز ہے جس میں کمپیوٹر سے مدد نہیں لی جاتی ۔ کمپیوٹر آج کی برقیاتی زندگی کا اہم ترین حصہ ہے ۔ اس کی ایک چھوٹی سی مثال موبائل فون اور برقیاتی کیلکولیٹرز ہیں ' جو ہر جگہ دیکھے جا سکتے ہیں ۔ بینکوں اور دکانوں کے علاوہ آج کل اسکولوں اور کالجوں کے طالب علم اور گھر کے سبھی چھوٹے بڑے بھی اس کا استعمال کرتے رہتے ہیں ۔

سوال نمبر 3:-پہلا الیکٹرانک کمپیوٹر کب بنا تھا؟

جواب:-لگ بھگ 1919 ء میں پہلا الیکٹرانک کمپیوٹر بنا تھا ۔

سوال نمبر 4:-آج کے دور میں کتنی قسم کے کمپیوٹر بنائے جاتے ہیں؟

جواب:-آج کے دور میں کئی قسم کے کمپیوٹربنائے جاتے ہیں۔ ان میں سے ایک قسم کو'ڈ جی ٹل'یعنی ہندسوں کا کمپیوٹر کہا جاتا ہےجو جمع، تفریق اور ضرب، تقسیم وغیرہ جیسے سوالات حل کر سکتا ہے ،اور دوسری قسم"انالوگ "کمپیوٹرکہلاتے ہیں۔جن میں ناپ تول کا سسٹم ہوتا ہے۔"انالوگ" اور "ڈیجیٹل"

قسم کے کمپیوٹروں کے علاوہ اب Hybrid ہائبرڑ کمپیوٹر، کمپیوٹر Super

Quantum بھی کب کے وجود میں آ چکے ہیں ۔چنانچہ آج ہر computer اور

پڑھا لکھا چھوٹا بڑا اپنے موبائل فون یا ڈیسک ٹاپ یا لیپ ٹاپ یا ای پینڈ

I Pad کے ذرے انٹرنیٹ سے جڑا ہوا ہے ۔

سوال نمبر 5:-ایک کمپیوٹر کو کتنے حصوں میں بانٹا جا سکتا ہے؟

جواب:-ایک کمپیوٹر کوہم پانچ حصوں میں بانٹ سکتے ہیں۔

پہلا حصہ در آمد کا حصہ کہلاتا ہے۔ جس کو سائنسی اصطلاح میں ان پٹ کا حصہ کہتے ہیں ۔

دوسرا حصہ ذخیر یا مال گودام کی طرح ہوتا ہے ۔ اس کو کمپیوٹر کی یاداشت کہا جاتا ہے۔

تیسرا حصہ حساب کتاب کا حصہ ہے اسی حصہ سے کمپیوٹر ریاضی کے سوال حل کرتا ہے ۔

چوتھا حصہ کنٹرول یونٹ کہلاتا ہے۔یہ حصہ پورے کمپیوٹر کے جنرل منیجر کی طرح ہوتا ہے جو مختلف حصوں کو کام کرنے کی ہدایت دیتا ہے ۔

پانچواں حصہ برآمد یا آؤٹ پٹ کہلاتا ہے ۔ آپ جو کچھ کمپیوٹر سے جاننا چاہتے ہیں یہی برآمد والا حصہ آپ کو وہ معلومات دیتا ہے ۔

سوال نمبر 6:-تیسری نسل کا کمپیوٹر کتنی مدت تک استعمال ہوتا رہا؟

جواب:-تیسری نسل کا کمپیوٹر 1960 عیسوی سے لے کر 1970 عیسوی تک استعمال ہوتا رہا۔